سوال

(146) نماز عید کے بعد کے آداب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز عید کے بعد کے آداب

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز عید کے بعد حسب ذیل آداب کا خیال رکھا جائے۔

راستہ بدلنا

عید کے دن ایک راستے سے جانا اور واپسی پر دوسرا راستہ اختیار کرنا بھی مسنون ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید کے روز آتے جاتے ہوئے راستہ تبدیل فرماتے تھے۔[1]حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب عید کے لیے جاتے تو واپسی کے لیے دوسرا راستہ اختیار کرتے تھے۔[2]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا کرتے ہوئے عید گاہ آنے جانے کا راستہ الگ الگ ہونا چاہیے۔

---

[1]بخاری، العیدین: ۹۸۶۔

[2]ابن ماجہ، اقامة الصلوٰة: ۱۳۰۱۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:156

محدث فتویٰ